سوال

(151)خواتین کا عیدگاہ میں جانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

خواتین کا عیدگاہ میں جانا

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

عیدین کے موقع پر خواتین کو بھی عیدگاہ جانے کی تاکید کی گئی ہے کیونکہ اجتماعی خوشی کا موقع ہوتا ہے جس میں مرد اور عورتیں دونوں کو شامل ہونا چاہیے۔ خواتین کی شرکت کا اندازہ اس امر سے لگایا جاسکتا ہے کہ جو خاتون اپنی طبعی مجبوری کی وجہ سے نماز عید نہیں پڑھ سکتی اسے بھی عیدگاہ جانے کی تاکید کی گئی ہے تاکہ وہ مسلمانوں کو ملنے والی خیر و برکت سے محروم نہ ہو۔ اگر کسی کے پاس پردے کے لیے چادر نہ ہو تو دوسری عورت اسے اپنی چادر میں شریک کر کے عیدگاہ لے جائے، دو عورتوں کا ایک چادر اوڑھ کر چلنا اگرچہ مشکل کام ہے لیکن اس سے عورتوں کے عید میں شریک ہونے کی انتہائی اہمیت ظاہر ہوتی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اصحاب الحدیث

جلد4۔ صفحہ نمبر:158

محدث فتویٰ